# 118864 ـ نماز عید یا نماز استسقاء میں امام کے ساتھ تشھد میں ملنے والے کا حکم

## سوال

اگر کوئی شخص نماز عید یا نماز استسقاء میں امام کے ساتھ تشہد میں ملے تو کیا کرے، آیا وہ دو کعت ادا کرے اور جس طرح امام نے کیا ہے اسی طرح کرے یا اس کو کیا کرنا ہو گا ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جو شخص امام کے ساتھ نماز عید یا نماز استسقاء میں صرف تشہد میں ملے تو وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد دو رکعت ادا کریگا، اور جس طرح امام تکبیر کہتا ہے اسی طرح تکبیر اور رکوع و سجود کریگا.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے " انتہی

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.

الشیخ عبد الرزاق عفیفی.

الشیخ عبد اللہ بن غدیان.